HIV انسدادی تعلیم برائے کنڈرگارٹن

کنڈرگارٹن کے اسباق میں وہ بنیادی نظریات اور صلاحیتیں میں شامل ہیں جو طلبا کو مستقبل میں HIV انسدادی تدریس اور ساتھ ہی تاحیات صحت کے لیے درکار ہیں۔

سبق #	سبق کا عنوان	موضوع اور صلاحیتوں کا ارتکاز	سبق کا مقصد
1-	صحتمند ہونے کا کیا مطلب ہے؟	▪ موضوع: یہ سیکھنا کہ صحتمند ہونے اور اچھا محسوس کرنے کا کیا مطلب ہے۔	یہ سبق طلبا کو ایسے طرزعمل کے بارے میں سکھاتا ہے جو انکی صحتمند رہنے میں مدد کرتا ہے، جیسے پانی پینا اور صحت بخش غذائیں کھانا۔
2-	بیمار ہونے کا کیا مطلب ہے؟	▪ موضوع: بیمار اور صحتمند ہونے کے مابین فرق جاننا۔ ▪ صلاحیت: جب آپ بیمار ہوں قابل بھروسہ بالغان کی نشاندہی جو مدد کرسکتے ہیں ۔	طلبا زکام کی بنیادی علامات کے بارے میں سیکھتے ہیں اور وہ اقدامات جو وہ ٹھیک ہونے کے لیے لے سکتے ہیں، بشمول ایک ڈاکٹر کے پاس یا کلینک جانے کے۔
3-	ہم کس طرح صحتمند رہیں؟	▪ موضوع: اچھی صحت برقرار رکھنے کے مختلف طریقے سیکھنا۔ ▪ صلاحیت: صحت برقرار رکھنے یا بہتر بنانے کے لیے صحتمند طریقہ کار اپنانا	طلبا ان عادات کے بارے میں سیکھتے ہیں جو انہیں اچھی صحت برقرار رکھنے میں مدد دیتی ہیں، جیسے اپنے ہاتھ دھونا اور اپنے دانت برش کرنا۔
4-	لوگ کس طرح بیمار ہوتے ہیں؟ HIV کیا ہے؟ AIDS کیا ہے؟ *اوپٹ آوٹ سبق	▪ موضوع: جراثیم کس طرح بیماری کا سبب بنتے ہیں۔ ▪ موضوع: ان بیماریوں کے مابین فرق جاننا جو آسانی سے دوسرے میں منتقل ہو سکتی ہیں، مشکل سے منتقل ہوتی ہیں، اور جو ایک شخص سے دوسرے کو منتقل نہیں ہوسکتیں۔	طلبا سیکھتے ہیں کہ جراثیم کیا ہوتے ہیں اور وہ ایک شخص سے دوسرے میں بیماری کا سبب بننے کے لیے کیسے منتقل ہوتے ہیں (مثلاً، چھینکنا، کھانسنا، چھونا)۔ طلبا HIV اورAIDS کی سادہ توضیح بھی سیکھتے ہیں اور یہ کہ HIV لگنا مشکل ہے۔
5-	جب ہم بیمار ہوتے ہیں کون ہماری مدد کرتا ہے؟	▪ موضوع: جب ہم بیمار ہوتے ہیں ان مختلف افراد اور جگہوں کے بارے میں جاننا جو ہماری مدد کرسکتے ہیں۔ ▪ صلاحیت: جب آپ بیمار ہوں قابل بھروسہ بالغان کی نشاندہی جو مدد کرسکتے ہیں ۔	طلبا سیکھتے ہیں کہ قابل بھروسہ بالغان کی کس طرح نشاندہی کریں جو مدد کرسکتے ہیں جب وہ بیمار ہوں۔

HIV انسدادی تعلیم برائے گریڈ ایک

گریڈ ایک کے اسباق میں وہ بنیادی نظریات اور صلاحیتیں جو طلبا کو مستقبل میں HIV انسداد تدریس اور ساتھ ہی تاحیات صحت کے لیے درکار ہیں، شامل ہیں۔

سبق #	سبق کا عنوان	موضوع اور صلاحیتوں کا ارتکاز	سبق کا مقصد
1-	ہم کس طرح صحتمند رہیں؟	▪ موضوع: صحتمند رہنے کی عادات کی نشاندہی۔ ▪ صلاحیت: صحت برقرار رکھنے یا بہتر بنانے کے لیے قلیل مدتی ہدف قائم کرنا۔	اس سبق میں طلبا بنیادی صحت بخش طرزِ عمل کی نشاندہی کرنے کے بارے میں جانیں گے، جیسے ہاتھ دھونا اور صحت بخش غذا کھانا۔
2-	بیماریاں ایک شخص سے دوسرے کو کیسے منتقل ہوتی ہیں؟	▪ موضوع: ان بیماریوں کے مابین فرق جاننا جو آسانی سے دوسرے میں منتقل ہو سکتی ہیں، مشکل سے منتقل ہوتی ہیں، اور جو ایک شخص سے دوسرے کو منتقل نہیں ہوسکتیں۔ ▪ صلاحیت: بیماری سے بچنے کے لیے صحت بخش طرزِ عمل اپنانا۔	طلبا سیکھتے ہیں کہ کچھ بیماریاں آسانی سے منتقل ہوجاتی ہیں اور دیگر نہیں ہوتیں۔ وہ جراثیم کے پھیلاو کو روکنے کے بنیادی طریقے بھی سیکھتے ہیں۔
3-	وائرسز کیا ہیں؟ وہ جسم میں بیماریوں کا سبب بننے کے لیے کیسے داخل ہوتے ہیں؟ **اویٹ آوٹ سبق*	▪ موضوع: یہ سیکھنا کہ وائرس ایک طرح کے جراثیم ہوتے ہیں جو بیماری کا سبب بن سکتے ہیں اور وہ طریقے جن سے وائرس جسم میں داخل ہوتے ہیں۔ ▪ صلاحیت: صحت برقرار رکھنے یا بہتر بنانے کے لیے صحتمند طریقہ کار اپنانا	یہ سبق طلبا کو سکھاتا ہے کہ وائرس ایک طرح کے جراثیم ہوتے ہیں جو بیماری کا سبب بن سکتے ہیں اور وہ طریقے جن سے وائرس جسم میں داخل ہوتے ہیں۔ طلبا سیکھتے ہیں کہ وہ جراثیم کو اپنے جسموں میں یا دوسروں کے جسموں میں داخل ہونے سے کس طرح روک سکتے ہیں۔
4-	ہمارے جسم وائرس کا کیسے مقابلہ کرتے ہیں؟ ہمارے جسم HIV کا مقابلہ کیوں نہیں کرسکتے؟	▪ موضوع: مدافعتی نظام کو سمجھنا اور HIV اسکو کس طرح کمزور کرتا ہے۔	طلبا HIV کا مدافعتی نظام پر اثر کا جائزہ لیتے ہیں اور یہ کہ HIV والے افراد کس طرح صحتمند رہ سکتے ہیں۔
5-	جب ہم بیمار ہوتے ہیں، ہم ٹھیک ہونے کے لیے کیا کرسکتے ہیں؟	▪ موضوع: جب ہم بیمار ہوندوا کے درست استعمال کے بارے میں جاننا۔ ▪ موضوع: جب کوئی بیمار ہو خاندان کی دیکھ بھال اور مدد کے بارے میں سجمھنا۔ ▪ صلاحیت: مدد کی درخواست کرنے کے لیے قابل بھروسہ بالغان کی نشاندہی کرنا۔	جب وہ بیمار ہوتے ہیں طلبا سیکھتے ہیں کہ صحتیاتی دیکھ بھال فراہم کنندگان لوگوں کی مدد کرسکتے ہیں۔ وہ قابل بھروسہ بالغان کی نشاندہی کرنا سیکھتے ہیں جن سے وہ مدد مانگ سکتے ہیں جب وہ بیمار محسوس کریں، چوٹ لگ جائے، یا انکے اپنے جسموں اور اپنی صحت کے بارے میں سوالات ہوں۔

HIV انسدادی تعلیم برائے گریڈ دو

گریڈ دو کے اسباق میں وہ بنیادی نظریات اور صلاحیتیں شامل ہیں جو طلبا کو مستقبل میں HIV انسداد تدریس اور ساتھ ہی تاحیات صحت کے لیے درکار ہیں۔

سبق #	سبق کا عنوان	موضوع اور صلاحیتوں کا ارتکاز	سبق کا مقصد
1-	وہ کونسے صحت بخش انتخابات ہیں جو بچے کرسکتے ہیں؟	▪ موضوع: صحت بخش اور غیر صحت بخش انتخابات کی نشاندہی کرنا ▪ صلاحیت: صحت کو بہتر بنانے یا برقرار رکھنے کے لیے فیصلے کرنا۔	یہ سبق طلبا کو سیکھاتا ہے کہ صتحمند رہنے والے طرزِعمل اور صلاحیتوں کی نشاندہی کیسے کریں، جیسے ہاتھ دھونا اور صحت بخش غذائیں کھانا۔
2-	جب ہم بیمار ہوجائیں تو کیا ہوتا ہے؟	▪ موضوع: نشاندہی کرنا کہ لوگ بیماری سے بچنے اور علاج کرنے کے لیے کیا کرسکتے ہیں۔ ▪ صلاحیت: بیماری سے بچنے کے لیے صحت بخش طرزِ عمل اپنانا۔	یہ سبق بیماری سے بچنے کے طریقوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے اور یہ کہ عام زکام ایک HIV والے شخص پر کیسے اثرانداز ہوتا ہے بمقابلہ اسکے بغیر فرد پر۔ طلبا HIV کا شکار افراد کے ساتھ شفقت سے پیش آنے کی اہمیت کے بارے میں بھی سیکھتے ہیں۔
3-	بیماری کے پھیلنے کی کیا وجوہات اور انسداد ہیں؟ *اوپٹ آوٹ سبق*	▪ موضوع: ان بیماریوں کے مابین فرق کو جاننا جو پھیلائی جاسکتی ہیں اور وہ جو نہیں پھیلائی جاسکتیں اور یہ جاننا کہ بیماری کا سبب بننے کے لیے جراثیم کس طرح بانٹے یا پھیلائے جاتے ہیں۔ ▪ صلاحیت: جراثیم کے پھیلاو سے بچنے یا کم کرنے کے لیے صحتمند طرزِعمل کی پیروی کرنا۔	یہ سبق ان بیماریوں کے مابین فرق کی وضاحت کرتا ہے جو پھیلائی جاسکتی ہیں وہ جو نہیں پھیلائی جاسکتیں، بشمول کونسے جراثیم لگنے آسان ہیں (ہوا کے ذریعے) اور کونسے لگنے مشکل ہیں (خون کے ذریعے)۔ یہ طلبا کو صحت بخش عادات کی پیروی کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، بشمول خون کے بارے میں کس طرح محفوظ رہا جائے۔
4	بیماری کا مقابلہ کرنے کے لیے مدافعتی نظام کا کیا کردار ہے؟ HIV مدافعتی نظام پر کس طرح اثرانداز ہوتا ہے؟	▪ موضوع: مدافعتی نظام کو سمجھنا اور کس طرح HIV اسکو کمزور کرتی ہے۔	طلبا HIV کی بنیادی معلومات سیکھتے ہیں، HIV کا مدافعتی نظام پر اثر کا جائزہ لیتے ہیں اور یہ کہ کس طرح HIV والے افراد صحتمند رہ سکتے ہیں۔
5	لوگ جب بیمار ہوتے ہیں تو کیسا محسوس کرتے ہیں؟ دوسرے لوگ انکے بارے میں کیسا محسوس کرتے ہیں؟	▪ موضوع: یہ سیکھنا کہ بیماری لوگوں پر کس طرح اثرانداز ہوتی ہے اور دوسرے افراد بیمار لوگوں کی بہتر محسوس کرنے میں کیسے مدد کرسکتے ہیں۔	جب وہ بیمار ہوتے ہیں طلبا سیکھتے ہیں کہ صحتیاتی دیکھ بھال فراہم کنندگان لوگوں کی مدد کرسکتے ہیں۔ وہ یہ بھی سیکھتے ہیں کہ قابل بھروسہ بالغان کی نشاندہی کیسے کریں جن سے وہ مدد مانگ سکتے ہیں جب وہ بیمار محسوس کررہے ہوں، چوٹ لگ جائے، یا انکے اپنے جسموں اور اپنی صحت کے بارے میں سوالات ہوں۔

HIV انسدادی تعلیم برائے گریڈ تین

گریڈ تین کے اسباق میں وہ بنیادی نظریات اور صلاحیتیں شامل ہیں جو طلبا کو مستقبل میں HIV انسداد تدریس اور ساتھ ہی تاحیات صحت کے لیے درکار ہیں۔

سبق #	سبق کا عنوان	موضوع اور صلاحیتوں کا ارتکاز	سبق کا مقصد
1۔	ہم تک جراثیم کیسے پہنچتے ہیں جو ہمیں بیمار کرتے ہیں؟	▪ موضوع: اس بارے میں جاننا کہ جراثیم جسم میں کیسے داخل ہوتے ہیں اور بیماری کا سبب بنتے ہیں۔ ▪ صلاحیت: بیماری سے بچنے کے لیے صحت بخش طرزِ عمل اپنانا۔	یہ سبق وضاحت کرتا ہے کہ جراثیم کس طرح ایک شخص سے دوسرے شخص میں منتقل ہوتے ہیں۔ طلبا سیکھتے ہیں کہ وہ بیماری سے بچنے کے لیے کیا کرسکتے ہیں (جب وہ کھانسیں پنا منہ ڈھانپیں، اپنی کُہنی میں چھینکنا، ہاتھ دھونا وغیرہ)۔
2	جسم بیماری سے کیسے مقابلہ کرتا ہے؟	▪ موضوع: یہ جاننا کہ جسم بیماری اور HIV کے مدافعتی نظام پر اثر انداز ہونے سے کیسے مقابلہ کرتا ہے ۔ ▪ موضوع: یہ سمجھنا کہ AIDS،HIV کی ایک بڑھی ہوئی صورت ہے۔ ▪ صلاحیت: بیماری سے بچنے کے طرزِ عمل اپنانا۔	طلبا HIV اور AIDS کے مابین فرق کے بارے میں سیکھتے ہیں۔ وہ سیکھتے ہیں کہ HIV اور AIDS کس طرح مدافعتی نظام پر جسم کے بیماری کے خلاف مدافعت کو کمزور کرنے کے لیے اثرانداز ہوتے ہیں۔
3	HIV مدافعتی نظام پر کس طرح اثرانداز ہوتا ہے؟	▪ موضوع: ایک صتحمند مدافعتی نظام اور ایک HIV کے باعث کمزور مدافعتی نظام کے کام کے مابین فرق کرنا۔ ▪ صلاحیت: مدافعتی نظام کی مدد کرنے والے طرزعمل اپنانا۔	طلبا مدافعتی نظام اور HIV کی بنیادی معلومات کا جائزہ لیتے ہیں۔ وہ HIV کے مدافعتی نظام پر اثر کے اور ساتھ ہی مدافعتی نظام کے فعل کو بہتر بنانے کے لیے صحت بخش طرزِ عمل کے بارے میں بارے میں سیکھتے ہیں۔
4	وہ کونسے صحت بخش انتخابات ہیں جو لوگ کر سکتے ہیں؟ *اوپٹ آوٹ سبق*	▪ موضوع: صحت بخش اور غیر صحت بخش انتخابات کے مابین نشاندہی کرنا۔ ▪ صلاحیت: صحت کو برقرار رکھنے یا بہتر بنانے کے لیے فیصلے کرنا۔	یہ سبق طلبا کے روزمرہ کے چند انتخابات کی چھان بین کرتا ہے اور یہ کہ وہ انکی صحت پر کس طرح اثرانداز ہوتی ہیں۔ طلبا فیصلہ سازی کے اقدامات کا بھی جائزہ لیتے ہیں اور صحت بخش انتخابات کرنے کی مشق کرتے ہیں۔
5	جب ہمیں کوئی مسئلہ ہو مدد حاصل کرنا	▪ موضوع: یہ نشاندہی کرنا کہ کوئی مسئلہ ہو تو مدد کے لیے کہاں جائیں۔ ▪ صلاحیت: قابل بھروسہ بالغان کی نشاندہی اور ضروریات کو واضح طور پر بیان کرنے کی مشق۔	اس سبق میں، طلبا یہ سیکھتے ہیں کہ قابل بھروسہ بالغان کی نشاندہی کس طرح کی جائے۔ طلبا ملکر ان طریقوں کے بارے میں سوچتے ہیں جن سے وہ حفاظت کے ساتھ اپنے یا دوسروں کے لیے مدد حاصل کرسکتے ہیں جب وہ بیمار ہوجائیں، چوٹ لگ جائے اور انکے ساتھ بُرا سلوک ہوا ہو۔

HIV انسدادی تعلیم برائے گریڈ چار

گریڈ چار کے اسباق میں وہ نیادی نظریات اور صلاحیتیں شامل ہیں جو طلبا کو مستقبل میں HIV تدریس اور ساتھ ہی تاحیات صحت کے لیے درکار ہیں اور ان افراد کے لیے ہمدردی جو HIV کا شکار ہیں۔

سبق #	سبق کا عنوان	موضوع اور صلاحیتوں کا ارتکاز	سبق کا مقصد
1	بیماری کی کیا وجوہات ہیں؟ مدافعتی نظام جسم کو بیماری سے کیسے بچاتا ہے؟	▪ موضوع: انفیکشن کی ایک کڑی کو سمجھنا۔ ▪ صلاحیت: بیماری سے صحتیاب ہونے کے لیے خود کی دیکھ بھال کے بنیادی طریقے۔	طلبا سیکھتے ہیں کہ جسم میں کیا ہوتا ہے جب ہوا کے ذریعے کوئی جراثیم داخل ہوکے انفیکشن کرتا ہے، جیسے میزلز۔ وہ یہ بھی سیکھتے ہیں کہ ویکسینز کس طرح جسم کی چند قسموں کی بیماریوں سے بچاو میں مدد کرتی ہیں۔
2	جسم بیماری سے کیسے مقابلہ کرتا ہے؟ HIV مدافعتی نظام پر کس طرح اثرانداز ہوتا ہے؟	▪ موضوع: یہ سمجھنا کہ مدافعتی نظام کس طرح کام کرتا ہے اور HIV اس پر کس طرح اثرانداز ہوتی ہے۔	اس سبق میں، طلبا سیکھیں گے کہ مدافعتی نظام کس طرح کام کرتا ہے اور HIV اسے کس طرح نقصان پہنچا سکتا ہے۔ طلبا سیکھتے ہیں کہ HIV کا کوئی علاج نہیں ہے۔ تاہم، ایسے علاج ہیں جو HIV والے افراد کو طویل، صحتمند زندگیاں گزارنے میں مدد کرتے ہیں۔
3	HIV کے دوسرے فرد میں منتقلی کے بارے میں کونسی عام فرضی داستانیں اور حقائق ہیں؟	▪ موضوع: یہ جاننا کہ HIV کس طرح منتقل ہوسکتی ہے اور کس طرح نہیں۔	طلبا سیکھتے ہیں کہ HIV صرف بہت خاص طرزِعمل کے ذریعے منتقل ہوسکتی ہے اور کبھی کبھار کےرابطوں سے نہیں ۔ وہ یہ بھی سیکھتے ہیں کہ HIV کی منتقلی کے بارے میں فرضی داستانیں نقصان دہ ہوسکتی ہیں۔
4	ہم صحت بخش انتخابات کرنے میں ایک دوسرے کی کیسے مدد کر سکتے ہیں؟ *اوپٹ آوٹ سبق*	▪ موضوع: صحت بخش طرزعمل اپنانے کے طریقوں کی نشاندہی اور دوسروں کی بھی ایسا کرنے کی حوصلہ افزائی کرنا۔ ▪ صلاحیت: دوسروں کے صحتمند زندگی گزارنے اور ہمسروں کےمنفی دباو کی مزاحمت کرنے کی حمایت میں موثر ابلاغی صلاحیتوں کا استعمال۔	طلبا صحت بخش عادات، مثبت اور منفی خطرے والے طرزِعمل اور ہمسر کے دباو کے بارے میں چھان بین کرتے ہیں۔ وہ منفی خطرے سے بچنے اور دوسروں کی صحت بخش انتخابات کی حوصلہ افزائی میں انکار کرنے کی صلاحیتوں کو استعمال کرنے کی مشق کرتے ہیں۔
5	ہم برادری میں معلومات اور مدد کس طرح تلاش کرسکتے ہیں؟	▪ موضوع: ایک قابلِ بھروسہ صحت کے ذرائع کی خصوصیات کے بارے میں جاننا۔ ▪ صلاحیت: صحت سے متعلقہ معلومات اور مدد کے لیے قابلِ بھروسہ وسائل کی نشاندہی۔	اس سبق میں، طلبا قابل بھروسہ اور درست صحت کے ذرائع کی نشاندہی کے بارے میں اقدامات سیکھتے ہیں۔

HIV انسدادی تعلیم برائےگریڈ پانچ

گریڈ پانچ کے اسباق میں وہ بنیادی نظریات اور صلاحیتیں شامل ہیں جو طلبا کو مستقبل میں HIV تدریس اور ساتھ ہی تاحیات صحت کے لیے درکار ہیں اور ان افراد کے لیے ہمدردی جو HIV کا شکار ہیں۔

سبق #	سبق کا عنوان	موضوع اور صلاحیتوں کا ارتکاز	سبق کا مقصد
1	جسم بیماری سے اپنے آپ کو کیسے بچاتا ہے؟	▪ موضوع: مدافعتی نظام کس طرح کام کرتا ہے اور HIV اس پر کس طرح اثرانداز ہوتی ہے۔ ▪ صلاحیت: جسم کو جراثیموں اور بیماری سے بچانے کے لیے بنیادی عادات۔	طلبا سیکھتے ہیں کہ HIV کیا ہے اور یہ کس طرح مدافعتی نظام کو کمزور کرتی ہے۔
2	HIV کس طرح منتقل ہوتی ہے؟	▪ موضوع: HIV کی منتقلی کے بارے میں فرضی داستانیں اور حقائق کو سمجھنا۔ ▪ صلاحیت: قابلِ بھروسہ بالغان سے ان طریقوں کے بارے میں بات کرنا جن سے کسی شخص کو HIV لگ سکتی ہے اور نہیں لگ سکتی۔	یہ سبق وضاحت کرتا ہے کہ HIV کس طرح ایک شخص سے دوسرے شخص کو لگ سکتی ہے۔ طلبا سیکھتے ہیں کہ HIV صرف بہت خاص طرزعمل کے ذریعے منتقل ہوسکتی ہے اور کبھی کبھار کےرابطوں سے نہیں ۔
3	ہم اپنے خطرے میں ڈالنے والے رویوں میں کیسے کمی کرسکتے ہیں؟ *ویٹ آوٹ سبق*	▪ موضوع: منفی اور مثبت خطرے میں ڈالنے والے رویے اور انکے نتائج، ▪ صلاحیت: خطرے میں ڈالنے والے رویوں کے ممکنہ نتائج کو سمجھنے کے لیے ایک فیصلہ سازی کے طریقہ کار کا استعمال۔	یہ سبق ان وجوہات کی چھان بین کرتا ہے کہ لوگ مثبت اور منفی خطرات کیوں مول لیتے ہیں۔ طلبا خطرے میں ڈالنے والے رویوں کی اچھائیوں اور برائیوں کے بارے میں سوچنے کے اقدامات سیکھتے ہیں۔
4	HIV/AIDS نے معاشرے پر کیا اثر ڈالا ہے؟	▪ موضوع: HIV اور AIDS نے کس طرح دنیا کو تبدیل کر دیا ہے اور برادریوں پر اثرانداز ہوئے ہیں۔ ▪ صلاحیت: ان طریقوں کی وکالت کرنا جن سے HIV کے خطرے سے بچا جاسکتا ہے اور HIV کا شکار افراد کے حمایتی بنیں۔	طلبا سیکھتے ہیں کہ HIV اور AIDS نے کس طرح خطرے میں ڈالنے والے رویوں کے متعلق آگاہی میں اضافہ کیا ہے۔ وہ سیکھتے ہیں کہ HIV کو ایسی بیماری کے بطورغلط لیبل کرنا کیوں نقصان دہ ہے کہ یہصرف چند افراد کے گروہوں کو ہوتی ہے۔
5	کونسے ذرائع HIV/AIDS کی معلومات اور مدد فراہم کرتے ہیں؟	▪ موضوع: HIV اور AIDS کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے قابلِ بھروسہ ذرائع کی نشاندہی۔ ▪ صلاحیت: HIV اور AIDS کے بارے میں بات کرنے کے لیے قابلِ بھروسہ بالغان کی نشاندہی۔	یہ سبق طلبا کو یہ سمجھنے میں مدد کرتا ہے کہ سائنسی حقائق جانیں کہ HIV کی منتقلی وائرس کے پھیلاو کو ختم کرنے میں مدد کرسکتی ہے۔